# صحت کی دیکھ بھال بلا خوف حاصل کریں

## آپ پبلک چارج ضابطہ کے بارے میں پریشان ہوسکتے ہیں ، لیکن اس کی وجہ سے آپ اپنی صحت کی دیکھ بھال نہ روکیں!

آپ جس کے مستحق ہیں، صحت کی وہ دیکھ بھال حاصل کرنے میں آپ کی مدد کے لئے NYC Health + Hospitals پرعزم ہے۔ ہمارے مالیاتی مشیر اور قانونی شراکت دار آپ کے سوالوں کے جوابات دے سکتے ہیں اور وہ اس بات کی وضاحت کر سکتے ہیں کہ پبلک چارج ضابطہ آپ پر لاگو ہوتا ہے یا نہیں۔

| | پبلک چارج ضابطہ سے ہونے والا اثر | جو اقدام آپ اٹھا سکتے ہیں |
|---|---|---|
| **NYC Health + Hospitals میں صحت کی دیکھ بھال حاصل کرنا۔** | صحت کی دیکھ بھال حاصل کرنا پبلک چارج ضابطہ کے ذریعہ شناخت شدہ عوامی معاونت نہیں ہے۔<br>اگر آپ پبلک چارج ضابطہ کے تحت ہیں تو، موجودہ وقت میں اپنی صحت کی دیکھ بھال کرنے کا عمل بعد ازاں آپ کی امیگریشن کی درخواست میں تقویت پہنچا سکتا ہے۔ | **صحت کی دیکھ بھال بلا خوف حاصل کریں!** |
| **میڈیک ایڈ** | کئی سارے تارکین وطن، جن میں پناہ گزین، مہاجر، خاص قسم کے تشدد کے شکار، اور وہ لوگ جن کے پاس گرین کارڈ پہلے ہی ہیں، وہ پبلک چارج ضابطہ کے تحت نہیں آتے ہیں۔<br>بچپن میں آمد کے لئے التوا میں رکھی گئی کارروائی (DACA) اورعارضی طور پر محفوظ حیثیت (TPS) کے وصول کنندگان سرکاری مالی اعانت سے چلنے والے میڈیک ایڈ کے اہل ہیں، جو پبلک چارج ضابطہ کے ذریعہ شناخت شدہ عوامی معاونت نہیں ہے۔ | **میڈیک ایڈ کے اہل نیو یارک کے بیشتر مکین پبلک چارج ضابطہ کی پرواہ کیے بغیر اندراج کر سکتے ہیں۔**<br>اپنی امیگریشن صورتحال کے بارے میں حقائق LegalHealth کو مندرجہ ذیل فون نمبر پر کال کر کے حاصل کریں: 212-659-6188 |
| **ایمرجنسی میڈیک ایڈ، حاملہ خواتین کے لئے میڈیک ایڈ، Essential Plan، Child Health Plus، یا صحت کا ایک اہل منصوبہ (Qualified Health Plan)۔** | یہ پبلک چارج ضابطہ کے ذریعہ شناخت شدہ عوامی معاونت نہیں ہیں۔<br>شہریت حاصل شدہ اپنے بچوں کو Child Health Plus یا دیگر معاونات میں اندراج کرانے کے لئے والدین کو سزا نہیں دی جاتی ہے۔ | **بلا خوف اندراج کریں!** |
| **NYC Care یا H+H Options** | NYC Care اور H+H Options پبلک چارج ضابطہ کے ذریعہ شناخت شدہ عوامی معاونات نہیں ہیں۔ | **بلا خوف اندراج کریں!** |

**اگر آپ یہ نہیں جانتے ہیں کہ آپ کے پاس کس قسم کی صحت کی کوریج ہے تو، اپنے ہیلتھ پلان یا NYC Health + Hospitals کے رابطہ کے مرکز کو (844-692-4692) 844-NYC-4-NYC پر فون کریں۔**

**اگر آپ کو لگتا ہے کہ آپ پر یا آپ کے اہل خانہ کے کسی فرد پر اثر پڑ سکتا ہے تو، مفت، رازدار امیگریشن مشاورت کے لئے LegalHealth کی پبلک چارج ہاٹ لائن 212-659-6188 پر کال کریں۔**

**یہ دستاویز قانونی مشورہ دینے کا مقصد نہیں رکھتا ہے۔**

جاری ہے ◄

# پبلک چارج: کیا یہ مجھ پر لاگو ہوتا ہے؟

آپ اور آپ کے اہل خانہ کے پاس **گرین کارڈ** ہیں۔

**پبلک چارج ضابطہ آپ پر لاگو *نہیں* ہوتا اگر آپ 6 ماہ سے زائدعرصہ تک ملک سے باہر نہ رہے ہوں۔**

---

آپ پہلے ہی درج ذیل میں سے کسی ایک حیثیت میں ہیں یا اس کے لئے درخواست دینے جا رہے ہیں: **ریاست ہائے متحدہ امریکہ کی شہریت، ٹی (T) یا یو (U) ویزا، پناہ گزین، مہاجر، خصوصی تارکین وطن نابالغ، بہ ذات خود VAWA (خواتین کے خلاف تشدد کا قانون) کے تحت کی درخواست گزار۔**

**پبلک چارج ضابطہ آپ پر لاگو *نہیں* ہوتا ہے۔**

سرکاری پروگرام کا استعمال کرنا جاری رکھ سکتے ہیں جس کے لئے آپ اہل ہوں۔ اس حیثیت میں رہتے ہوئے آپ نے جو معاونت حاصل کی ہو، اس کا شمار آپ کے خلاف نہیں ہو گا، اگرچہ آپ کسی دوسری بنیاد پر گرین کارڈ کے لئے درخواست دیں گے۔

---

آپ یا آپ کے اہل خانہ کا کوئی رکن **گرین کارڈ کے لئے درخواست دینے کا، ویزا کے لئے درخواست دینے کا یا ریاست ہائے متحدہ امریکہ کے *اندر* سے ویزا کی تجدید کا ارادہ رکھتا/ رکھتی ہے۔**

**LegalHealth سے امیگریشن کی مشاورت حاصل کریں:**
**212-659-6188**

اس صورت حال کے باوجود بھی ممکن ہے کہ آپ پبلک چارج کی جانچ پڑتال کے تحت نہ پڑ سکیں، یا آپ یا آپ کے اہل خانہ کے ارکان نے جو عوامی معاونات حاصل کی ہوں، وہ جانچ پڑتال کے تحت نہ آ سکیں۔

---

آپ یا آپ کے اہل خانہ کا کوئی رکن **گرین کارڈ کے لئے درخواست دینے کا، ویزا کے لئے درخواست دینے کا یا ریاست ہائے متحدہ امریکہ کے *باہر* سے ویزا کی تجدید کا ارادہ رکھتا/ رکھتی ہے۔**

**LegalHealth سے امیگریشن کی مشاورت حاصل کریں:**
**212-659-6188**

ریاست ہائے متحدہ امریکہ کے بیرون ملک قونصلر دفاتر فیصلہ لینے میں الگ پبلک چارج ضوابط کا استعمال کرتے ہیں۔ کسی پیشہ ور سے امیگریشن مشاورت حاصل کریں اور ریاست ہائے متحدہ امریکہ کے بیرون ملک قونصلر دفتر سے بھی رابطہ کریں۔

---

اگر آپ یہ نہیں جانتے ہیں کہ آپ کے پاس کس قسم کی صحت کی کوریج ہے تو، اپنے ہیلتھ پلان یا **NYC Health + Hospitals** کے رابطہ کے مرکز کو **(844-692-4692) 844-NYC-4-NYC** پر فون کریں۔

اگر آپ کو لگتا ہے کہ آپ پر یا آپ کے اہل خانہ کے کسی فرد پر اثر پڑ سکتا ہے تو، مفت، رازدار امیگریشن مشاورت کے لئے **LegalHealth** کی پبلک چارج ہاٹ لائن **212-659-6188** پر کال کریں۔

**یہ دستاویز قانونی مشورہ دینے کا مقصد نہیں رکھتا ہے۔**